پتہ: ۔ جمعیت اہل حدیث لاہور۔ مولانا محمد فاخر صاحب زائرؔ الہ آبادی حضرت شاہ ولی اللہ الدہلوی کے معاصرین میں ایک صوفی مشرب جید عالم تھے۔ نواب صدیق حسن خان مرحوم نے اتحاف النبلا میں ان کے متعلق لکھا ہے کہ "علم سبقت بر سابقین می افراشت"۔ حدیث سے خاص لگاؤ رکھتے تھے اور مسلک کے اعتبار سے عدم تقلید کی طرف مائل تھے۔ موصوف نے عقائد سلف میں ایک مختصر رسالہ فارسی زبان میں لکھا تھا جس کو نواب صدیق حسن خاں صاحب نے اپنے اضافات کے ساتھ شائع کیا تھا۔ اب اسی رسالہ کا اردو ترجمہ مولانا محمد اسحاق صاحب لاہور نے کیا ہے۔ ترجمہ صاف وسلیس اور شگفتہ ہے اور کتاب میں ذات وصفات باری کے علاوہ بعض اور کلامی مسائل پر عالمانہ اور فاضلانہ گفتگو کی گئی ہے طلبائے علوم اسلامیہ کے مطالعہ کے لائق ہے۔

**چچا چھکن کے کارنامے** | از محترمہ قدسیہ زیدی تقطیع خورد ضخامت ۷۷ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عمر پتہ: ۔ آزاد کتاب گھر کلاں محل دہلی۔

سید امتیاز علی تاج کے چچا چھکن سے اردو زبان وادب کا کون صاحب ذوق بے خبر ہوگا ایک زمانے میں اس کی بڑی شہرت تھی۔ محترمہ قدسیہ بیگم نے اسی سلسلہ کی چار کہانیوں کو ڈراما دیا ہے جو اسکولوں اور کالجوں میں اسٹیج کئے جاسکتے ہیں۔

**حج کیا ہے** | از جناب سید حامد علی صاحب تقطیع خورد ضخامت ۹۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۸ ؍ پتہ: ۔ مکتبہ جماعت اسلامی (ہند) رام پور (یوپی) اسلام کی ہر عبادت کا اصل مقصد تزکیہ نفس۔ تجلیہ باطن اور انابت الی اللہ ہے اور چونکہ حج سب سے بڑی عبادت ہے اس بنا پر تزکیہ نفس بھی کامل درجہ کا ہونا چاہیئے۔ اسی وجہ سے حدیث میں ہے کہ حج کرنے کے بعد ایک مسلمان ایسا ہی پاک صاف ہو جاتا ہے جیسا کہ ایک بچہ جو آج پیدا ہوا ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ مسلمان عام طور پر اس عبادت کو بھی اس کی اصل معنوی روح سے خالی ہو کر ادا کر دیتے ہیں اور اس کا یہ نتیجہ ہے کہ کئی کئی حج کر لینے کے بعد